# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبۂ پاکستانی زبانیں)

### وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفیکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر 1 | 10-06-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر 2 | 06-07-2026 | مشق نمبر 1 | 06-07-2026 |
| مشق نمبر 3 | 31-07-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر 4 | 20-08-2026 | مشق نمبر 2 | 20-08-2026 |

نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے

کورس: پاکستانی ادب (426)　　　　سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: بی اے

## برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

### (ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ نمبر 1تا4)

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر-1(الف) درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ (10)

۱۔ بلوچی کا تعلق زبانوں کے کس خاندان سے ہے؟
۲۔ بلوچی میں واحد سے جمع بنانے کا کیا طریقہ ہے؟
۳۔ دورِ اوّل کی شاعری کی نمایاں ترین خصوصیت کیا ہیں؟
۴۔ بلوچی میں قرآن پاک کا ترجمہ کس نے کیا؟
۵۔ ماہنامہ ''سوغات'' کا اجراء کب ہوا؟
۶۔ جوانسال بگٹی قدیم طرز کے شاعر تھے یا جدید طرز کے؟
۷۔ جدید بلوچی شاعری میں سوت کس کی جگہ لے رہا ہے؟
۸۔ ملک محمد پناہ نے کون سی دو کتابوں کی از سر نو تدوین کی؟
۹۔ ''سکوت ناتمام'' کا مرکزی کردار کون ہے؟
۱۰۔ چلتن کا پہاڑ کہاں واقع ہے؟

(ب) درج ذیل الفاظ کی معنی لکھیے: (10)

دُر چین، بلوچی سیاہگ، شب گروک، مژدہ، حکمت، میر گند، صاعقہ، بانکے، پناہ جُو

سوال نمبر-2 بلوچی زبان کے آغاز وارتقا اور لہجوں پر مفصل نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر-3 قدیم بلوچی شاعری کی چیدہ چیدہ خصوصیات قلم بند کیجیے۔ (20)

سوال نمبر-4 قیام پاکستان کے بعد بلوچی نثر کے ارتقا پر مفصل مضمون لکھیے۔ (20)

سوال نمبر-5 مضمون پیارے نبی ﷺ کا خلاصہ اپنے الفاظ میں قلم بند کیجیے۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 5تا8)

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر1(الف) درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ (10)

۱۔ سندھی کا تعلق سنسکرت سے ہے یا سندھ کی کسی قدیم زبان سے ہے؟
۲۔ سندھ کے بارے میں جو قدیم ترین مکمل کتاب ملتی ہے اس کا نام لکھیے۔
۳۔ سید نورالدین کس نام سے مشہور ہے؟
۴۔ سندھ کے عظیم صوفی شاعر شاہ عبداللطیف بھٹائی کے مجموعہ کلام کا نام کیا ہے؟

۵۔ تمثیلی داستانوں سے سندھی شعراء نے کس بات کی تعلیم دی؟
۶۔ شاہ لطف اللہ قادری کی شاعری کا موضوع کیا ہے؟
۷۔ مغلیہ عہد میں سندھ کی سرکاری زبان کون سی تھی؟
۸۔ امیران تالپور کے دربار میں سندھی کے علاوہ اور کس زبان کے شعراء موجود تھے؟
۹۔ سندھی کے حروف تہجی کی کل تعداد کتنی ہے؟
۱۰۔ موہنجوداڑو میں علاج کے لیے دوا کس طرح تیار کی جاتی تھی؟

(ب) درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیے: (10)

صانع، مارو، تھر، موہے، ماتجھی، جنجال، پنتھ، شوم، سرمست، قالی۔

سوال نمبر-2 سندھی زبان کے لسانی گروہ کے حوالے سے ماہرین السنہ کی آرا پر تبصرہ کیجیے۔ (20)

سوال نمبر-3 شاہ عبداللطیف بھٹائی اور شاہ عنایت رضوی کی شاعری کی نمایاں خصوصیات بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر-4 درج ذیل پر نوٹ لکھیے: (20)

سندھی ناول سندھی تحقیق و تنقید

سوال نمبر-5 افسانہ بلوداداکا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 3

(یونٹ نمبر 9تا12)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر1۔(الف) درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ (10)

۱۔ پشتو کے قدیم ترین شاعر کا نام لکھیے۔
۲۔ پشتو کے کتنے لہجے ہیں؟
۳۔ پشتو کی مخصوص آوازیں کتنی ہیں؟
۴۔ دستار نامہ کس کی تصنیف ہے؟
۵۔ امیر حمزہ شنواری کی شاعری میں کون سا فلسفہ بڑی شدت سے بیان کیا گیا ہے؟
۶۔ تحریک روشانیہ سے وابستہ شعراء کا پسندیدہ موضوع کون سا تھا؟
۷۔ خیر البیان کے طرز پر کون سی کتاب تالیف کی گئی؟
۸۔ ''پٹہ خزانہ'' کب اور کس نے مرتب کی؟
۹۔ خوشحال خان خٹک کو اردو خواں طبقے سے سب سے پہلے کس نے روشناس کرایا؟
۱۰۔ ''اللہ ہو'' سے پشتو شاعری میں کیا مراد لی جاتی ہے؟

(ب) درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیے۔ (10)

بامیاں، چنگ ونے، کبک، اوج، اہل دول، ماہ لقا، وجدان، عساکر، رجز، التزام

سوال نمبر-2 پشتو زبان کی قدامت اور آغاز وارتقا پر نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر-3 پشتو لوک گیت اور ان کی مختلف اقسام پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر-4 درج ذیل شعراء پر نوٹ لکھیے: (20)

میاں سید رسول رسا فضل حق شیدا

سوال نمبر-5 ڈرامہ ''پن چکی'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 4

(یونٹ نمبر 13 تا 16)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1 (الف) درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ (10)

۱۔ پنجابی زبان اپنا نام اختیار کرنے سے پہلے کن کن ناموں سے پکاری جاتی رہی ہے؟

۲۔ بابا گرونانک، بابا فریدؒ کے کتنے سو سال بعد پیدا ہوئے؟

۳۔ بلھے شاہ کی شاعری کا سب سے بڑا موضوع کیا ہے؟

۴۔ بابا فرید کے اشعار کو عام طور پر کیا کہا جاتا ہے؟

۵۔ سلطان باہو کی کتب کس زبان میں ہیں؟

۶۔ میاں محمد بخش کا انتقال کب ہوا؟

۷۔ حضرت نوشہ گنج بخش کہاں کے رہنے والے تھے؟

۸۔ اکبر لاہوری کی کہانیوں میں کون سا انداز اپنایا گیا ہے؟

۹۔ پنجابی غزل کس دور میں شروع ہوئی؟

۱۰۔ کشمیری زبان کا ابتدائی ادب کن چیزوں پر مشتمل ہے؟

(ب) درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیے: (10)

مشتق، منابع، بوقلموں، سمے، تمثیلی، تفاوت، مداوا، سادھو، ریت، میت

سوال نمبر-2 پنجابی زبان کی تاریخ کے حوالے سے اپنے خیالات قلم بند کیجیے۔ (20)

سوال نمبر-3 پنجابی شاعری کے دوسرے دور پر مفصل نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر-4 درج ذیل موضوعات پر نوٹ لکھیے: (20)

1-پنجابی افسانہ 2-پنجابی انشائیہ

سوال نمبر-5 وارث شاہ اور حافظ برخوردار کی شاعری کے حوالے سے ایک مفصل مضمون قلم بند کیجیے۔ (20)